**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ملتان میں کپاس کی فصل بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

## اجلاس میں کپاس کی موجودہ صورت حال اور حالیہ بارشوں کے فصل پر اثرات کا جائزہ لیا گیا

## ستمبر کا مہینہ کپاس کی مینجمنٹ کے حوالے سے اہم، فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے، افتخار علی سہو

**لاہور: 31 اگست 2024** ( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ملتان میں کپاس کی فصل بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کپاس کی موجودہ صورت حال اور حالیہ بارشوں کے فصل پر اثرات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ پنجاب میں کل 34 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کی گئی ہے۔ روئی کے پیداواری ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ستمبر کا مہینہ کپاس کی مینجمنٹ کے حوالے سے بہت اہم ہے۔ کپاس کے کاشتکاروں کی رہنمائی کیلئے جاری فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ کپاس کی فصل کی بہتر نگہداشت بارے کاشتکاروں کی رہنمائی کی جائے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ موسمی پیشن گوئی کے مطابق ستمبر کا مہینہ کپاس کی فصل کیلئے بہتر رہے گا۔ موسمی حالات کے پیش نظر کپاس کی فصل کو کیڑوں و بیماریوں سے بچانے کیلئے بروقت ایڈوائزری جاری کی جائے۔ ٹیکنیکل ایڈوائزی موسمی پشین گوئی کے مطابق جاری کی جائے۔ انہوں ے نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے تحت نوجوان زرعی گریجوایٹس 16 ستمبر سے فیلڈ میں عملی سرگرمیاں شروع کر دیں گے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو کہا کہ بہاولپور ڈویژن کو کاٹن ویلی بنانے کیلئے قابل عمل پلان مرتب کر کے پیش کیا جائے۔ انہوں نے کپاس کی صاف چنائی، ذخیرہ و ترسیل بارے کاشتکاروں کو فنی رہنمائی فراہم کرنے کی بھی ہدایت دی۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب رانا شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ سروس عبدالقیوم، چیف سائنٹسٹ ایوب ریسرچ ڈاکٹر ساجد الرحمان، فوکل پرسن کاٹن ڈاکٹر محمد انجم علی، کپاس کے ترقی پسند کاشتکار سید حسن رضا، خالد محمود کھوکھر، کاٹن ایکسپرٹ ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت محکمہ زرعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆